
# تشاکُل




✦ مقابل میں دیے ہوئے پتّے کا مشاہدہ کرو۔

اسی قسم کے درخت کے پتّے لو جس میں کئی رگیں ہوں۔ درمیان میں ایک اُبھری ہوئی رگ ہو۔ اس رگ پر پتّے کو تہہ کرلو۔ کیا دِکھائی دیتا ہے؟

پتّے کا ایک حصّہ دؤسرے حصّے پر منطبق ہوجاتا ہے یعنی دونوں ایک دؤسرے کو پؤرے طور پر ڈھانک لیتے ہیں۔ پتّے کو دؤسری رگوں پر مختلف طریقوں سے تہہ کرکے دیکھو۔ کیا دِکھائی دیتا ہے؟ پتّے کا ایک حصّہ دؤسرے حصّے پر پوری طرح منطبق نہیں ہوتا۔



ایک تکونی کاغذ لو جیسا کہ شکل میں دِکھایا گیا ہے۔ کھڑے نقطہ دار خط پر اسے تہہ کرو۔ کیا تکونی کاغذ کا ایک حصّہ دؤسرے حصّے پر منطبق ہوجاتا ہے؟




دؤسرا تکونی کاغذ لو جیسا کہ بغل کی شکل میں دِکھایا گیا ہے۔ کھڑے نقطہ دار خط پر اسے تہہ کرو۔ کیا تکونی کاغذ کا ایک حصّہ دؤسرے پر منطبق ہوجاتا ہے؟


کسی خط سے شکل کے بننے والے دو حصّے ایک دؤسرے پر پوری طرح منطبق ہوتے ہیں تب وہ شکل اس خط کے حوالے سے **متشاکل** شکل ہوتی ہے اور منطبق نہیں ہوتے تب وہ شکل اس خط کے حوالے سے متشاکل نہیں ہوتی۔

9504YG


✦ دیے ہوئے نقطہ دار خط سے متشاکل ہونے والی اور متشاکل نہ ہونے والی شکلوں کا مشاہدہ کرو۔




متشاکل ہے




متشاکل نہیں ہے



متشاکل ہے




متشاکل نہیں ہے




متشاکل نہیں ہے



متشاکل نہیں ہے



متشاکل ہے




متشاکل نہیں ہے



متشاکل نہیں ہے　　متشاکل ہے　　متشاکل نہیں ہے　　متشاکل ہے　　متشاکل ہے


✦ طے کرو کہ ذیل کی شکلیں خط کے حوالے سے متشاکل ہیں یا نہیں۔ متشاکل ہوں تو شکل کے نیچے چوکون میں ✓ نشان بناؤ اور نہ ہوں تو ✕ نشان بناؤ۔



✦ یہ دیکھنے کے لیے کہ ذیل کی شکلیں متشاکل ہیں، جس جگہ تہہ کرنا ہو وہاں خط کھینچو۔




✦ درج ذیل متشاکل شکلوں میں دو یکساں نصف حصّوں میں دو مختلف رنگ بھرو۔




✦ ایک مربّع شکل کا کاغذ لو۔ اس کاغذ کو الگ الگ طریقے سے تہہ کر کے تشاکل کی جانچ کرو۔

✍ اساتذہ کے لیے: تساوی الاضلاع مثلث، تساوی الساقین مثلث، متوازی الاضلاع چوکور، دائرہ جیسی شکل کے کاغذ دے کر تشاکل کی جانچ کرنے کی سرگرمی کروائی جائے۔ جن جانوروں، پرندوں، پتوں، پھولوں کی تصویروں میں تشاکل ہو ان تصویروں کو جمع کروایا جائے۔

## بند شکلیں اور کھُلی شکلیں




بند




کھُلی


بعض بند شکلیں




بعض کھُلی شکلیں



غور کرو۔





کیا نقطہ غ اور نقطہ ب کو کسی ایسے خط سے جوڑا جا سکتا ہے جو دی ہوئی شکل کو مس نہ کرے؟ اسی طرح کیا نقطہ ب اور ک کو جوڑا جا سکتا ہے؟




کیا نقطہ پ اور نقطہ ن کو کسی ایسے خط سے جوڑا جا سکتا ہے جو دی ہوئی شکل کو مس نہ کرے؟ اسی طریقے سے کیا پ اور م کو جوڑا جا سکتا ہے؟

✦ نیچے دی ہوئی شکلوں میں بند شکلیں اور کھلی شکلیں پہچانو۔



✦ دیے ہوئے ڈیزائنوں میں بند شکلوں اور جو شکلیں بند نہیں ہیں ان کا مشاہدہ کرو۔ شکل میں رنگ بھرو۔

